GMUNET
GLOBAL MEGA UNIVERSITIES NETWORK

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

## درخشاں مستقبل کی طرف گامزن

## وائس چانسلر کا پیغام

### وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمود الحسن بٹ

میں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے نئے اور جاری کورسز کے طلبہ کو سمسٹر بہار ۲۰۰۹ء میں اپنی پسند کے پروگراموں میں داخلہ لینے پر خوش آمدید کہتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ جیسا کہ آپ محسوس کریں گے کہ جامعہ مختلف کورسز کی پیش کش کے سلسلے کو پھیلا رہی ہے، تاکہ طلبہ کی بڑھتی ہوئی تعلیمی ضروریات کو پورا کیا جاسکے اور قوم کے لیے تعلیم یافتہ انسانی وسائل مہیا کیے جاسکیں۔ اس سمسٹر میں دستیاب تمام پوسٹ گریجویٹ پروگرام ایچ ای سی کے قواعد، معیار اور گریجویشن کے لیے منظور شدہ طریقہ کار کے مطابق ہیں۔ مختلف مضامین میں ایم فل اور پی ایچ ڈی سطح کے موجودہ پروگرام کورس ورک اور ریسرچ کا مناسب اور موزوں امتزاج ہیں۔ یہ پروگرام ایسے ماہر اسکالر پیدا کرنے کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں، جو بین الاقوامی سطح پر رکھی جانے والی تحقیق کے ذریعے عالمی علمی وجاہت کو متاثر کر سکیں۔ پوسٹ گریجویٹ پروگرام منتخب طور پر قدرتی اور معاشرتی سائنسز میں مستقبل کے تعلیمی رہنماؤں کے لیے پیش ہیں۔

جامعہ مختلف النوع طریقہ ہائے تدریس پیش کر رہی ہے، جن میں فاصلاتی، روبرو اور ان دونوں کا خوبصورت امتزاجی طریقۂ تعلیم شامل ہیں۔ تمام ماسٹرز پروگرام بالخصوص کمپیوٹر سائنس اور بزنس ایڈمنسٹریشن روبرو طریقہ تعلیم کے اہم اور بنیادی عناصر سے مزین ہیں، اس لیے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کلاسوں کے نظام اوقات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مصروفیات ترتیب دیں۔ انوائرمنٹل ڈیزائن، لائیو سٹاک منیجمنٹ، ایگریکلچرل ایکسٹینشن، رورل ڈویلپمنٹ اور ٹیچنگ آف انگلش ایز فارن لینگویج میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ اور ماسٹرز پروگرام ان پروفیشنلز کے لیے دستیاب ہیں، جو اپنے علم و ہنر کو ایک مخلوط طریقہ تدریس کے ذریعے مزید تقویت دینا چاہتے ہیں۔

جامعہ نے مختلف علمی میدانوں میں چار سالہ ڈگری پروگرام بھی ترتیب دیے ہیں، جو ایچ ای سی اور گریجویشن کے بین الاقوامی معیار کے عین مطابق ہیں۔ اس سمسٹر میں اس سلسلے کے دو ایسے پروگرام کیمسٹری اور مائیکرو بیالوجی میں پیش کیے جا رہے ہیں۔

یہ پروگرام اسلام آباد میں یونیورسٹی کے نئے قائم شدہ سائنس ریسرچ کمپلیکس میں پڑھائے جائیں گے اور آئندہ ان ڈگریوں کے حامل گریجویٹ ملک اور بیرون ملک پوسٹ گریجویٹ تعلیم حاصل کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہوں گے، کیوں کہ یہ ڈگریاں بین الاقوامی سطح پر منظور شدہ ہوں گی۔

تدریس اساتذہ کے معیاری پروگرام وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ اس سمسٹر میں فیکلٹی آف ایجوکیشن فاصلاتی اور غیر رسمی تعلیم، تعلیمی منصوبہ بندی اور منیجمنٹ، سائنس ایجوکیشن، سیکنڈری ٹیچر ایجوکیشن اور سپیشل ایجوکیشن میں ایجوکیٹرز اور اساتذہ کی تربیت کے لیے مختلف پروگرام پیش کر رہی ہے۔ میری خواہش ہے کہ موجودہ اور مستقبل کے اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے ان پروگراموں سے استفادہ کریں۔

حسب روایت جامعہ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے طلبہ کے لیے مختصر دورانیے کے تعلیمی پروگرام، سرٹیفکیٹ پروگرام اور منتخب مقامات پر اوپن ٹیک کورسز اور میٹرک سے گریجویشن تک درس نظامی کا پروگرام بھی پیش کر رہی ہے۔

مجھے تمام نئے اور جاری کورسز کے طلبہ سے توقع ہے کہ وہ اپنے داخلے کا عمل ۱۰ مارچ ۲۰۰۹ تک یا اس سے پہلے مکمل کر لیں۔ جاری طلبہ کے کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم انھیں ڈاک کے ذریعے بھیج دیے گئے ہیں۔ اگر انھیں یہ فارم ۱۵ فروری ۲۰۰۹ تک موصول نہ ہوں، تو وہ AIOU کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ یا AIOU کے قریبی علاقائی دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ طلبہ کو چاہیے کہ وہ اپنی فیس اپنے ضروری کاغذات کے ہمراہ آخری تاریخ تک نیشنل بینک، حبیب بینک، الائیڈ بینک، بینک الفلاح یا فرسٹ ویمن بینک کی کسی نامزد برانچ میں جمع کرائیں۔

داخلے کے ضمن میں اگر طلبہ کو کسی نوعیت کی رہنمائی درکار ہو، تو داخلے کے اشتہار میں دیے گئے ایڈمیشن آفس کے فون نمبروں پر رابطہ کریں۔

میں دعا گو ہوں کہ طلبہ اپنے روشن اور تابناک مستقبل اور قومی تعمیر و ترقی کے لیے جدید اور مفید تعلیم کے حصول میں تعلیمی اخلاقیات کی پاسداری کو اپنا وظیفۂ حیات بنائیں، کیونکہ یہی طرزِ عمل ان کی کامرانی اور کامیابی کی کلید ہے۔

### علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا نصب العین

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی عام لوگوں میں تعلیمی اور فکری ترویج و اشاعت اور معاشرتی خدمت کی غرض سے کم خرچ اور قابل دسترس تعلیم کو عام کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی فاصلاتی نظام کے ذریعے کارآمد علم، پیشہ ورانہ مہارتوں، اخلاقی اقدار اور عمدہ کارکردگی کے حصول کے لیے کوشاں ہے۔

## فیکلٹی آف ایجوکیشن

ڈین: پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال

فیکلٹی آف ایجوکیشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی سب سے بڑی فیکلٹی ہے جو 1985 میں معرض وجود میں آئی۔ جس کے طلبہ کی تعداد یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلبہ کی کل تعداد کا 47 فیصد ہے۔ فی الوقت فیکلٹی ہذا کے آٹھ شعبوں راداروں کے زیر اہتمام میں پروگرامز اور 135 کورسز پیش کیے جا رہے ہیں۔ ان پروگرامز میں پی ٹی سی (PTC)، سی ٹی (CT)، ڈپلومہ ان ایجوکیشن (ماڈل 3+10)، بی ایڈ، ایم ایڈ، ایم اے (ایجوکیشن)، ایم ایس ایڈ، ایم اے رایم ایڈ سپیشل ایجوکیشن، ایم اے (EPM) اور ایم ایس رایم فل لیڈنگ ٹو پی ایچ ڈی شامل ہیں۔ حال ہی میں فیکلٹی نے ٹیچر ایجوکیشن کے حوالے سے جدید معیار کے حصول کے لئے تشکیل نو کی ہے۔ ان شعبوں میں شعبہ سیکنڈری ٹیچر ایجوکیشن، شعبہ فاصلاتی و غیر رسمی تعلیم اور تعلیم جاریہ، شعبہ ایجوکیشنل پلاننگ، پالیسی سٹڈیز اور لیڈرشپ، شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اور ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن، شعبہ خصوصی تعلیم، سنٹر فار کریکولم سٹڈیز اینڈ ایجوکیشنل اسسمنٹ، شعبہ سائنس ایجوکیشن اور انسٹی ٹیوٹ آف لٹریسی اینڈ ماس ایجوکیشن شامل ہیں۔

تربیت اساتذہ کے علاوہ فیکلٹی آف ایجوکیشن کامن ویلتھ آف لرننگ، یونیسیف، یونیسکو، ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ساتھ تعاون و اشتراک سے مختلف تعلیمی و تدریسی منصوبوں پر کام کر رہی ہے ان منصوبوں میں مظفر آباد میں ٹریننگ آف ویمن ان ٹیلرنگ، آزاد جموں کشمیر PROJEIN (COL) پراجیکٹ، ریسورس سنٹر برائے تعلیم بالغاں (یونیسکو)، خواتین کی تعلیم کا منصوبہ برائے ایم اے کورسز کی تشکیل (یونیسکو)، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں نیشنل سنٹر آف کریکولم سٹڈیز اور ایجوکیشنل اسسمنٹ (ہائر ایجوکیشن کمیشن)، لیکچرز کی سیریز پر مشتمل تعلیم پر کتب کی تشکیل (انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز)، ڈویلپمنٹ آف لٹریسی میٹریل-10 ماڈیولز (یونیسکو)، اور لٹریسی پاورٹی ایلیویشن پروگرامز (DAMP) کے اشتراک سے شامل عمل ہیں۔ فی الحال فیکلٹی کم از کم بارہ منصوبوں پر مذکورہ تنظیموں کے تعاون سے تعلیمی معیار میں بہتری لانے کے لئے کوشاں ہے۔ فیکلٹی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ODL سسٹم کے ذریعے اپنے کورسز کی ڈیزائننگ تشکیل اور اجراء میں ICTs کا استعمال متعارف کرا رہی ہے۔

فیکلٹی سٹیچوٹری باڈیز سے ضروری منظوری حاصل کرنے کے بعد سمسٹر خزاں، 2009 سے بی اے (چار سالہ) ڈگری پروگرام چھ تخصصات میں پیش کر رہی ہے، جس میں سیکنڈری ٹیچر ایجوکیشن، ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اور ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن، سائنس ایجوکیشن، خصوصی تعلیم اور فاصلاتی و غیر رسمی تعلیم کے تخصصات شامل ہیں۔

فیکلٹی کے نئے ادارے سنٹر فار کریکولم سٹڈیز اینڈ ایجوکیشنل اسسمنٹ سے توقع کی جاتی ہے کہ متعلقہ شعبے کے ماہرین ٹیکسٹ بک ڈویلپمنٹ، کریکولم ڈیزائن اور اسسمنٹ کے طریقہ کار کے حوالے سے سائنسی بنیادوں پر اپنی خدمات انجام دیں گے۔ اس کا شعبہ EPPSL ایم اے کی سطح کا منیجمنٹ اینڈ لیڈر شپ کا پروگرام پیش کرنے کی منصوبہ سازی بھی کر رہا ہے تاکہ مستقبل کے حوالے سے ضلعی سطح پر سکول لیڈر اور ایجوکیشنل منیجرز تیار کر سکے۔ کریکولم ڈویلپمنٹ، ایجوکیشنل لیڈرشپ اینڈ اسسمنٹ کے مذکورہ پروگرام کسی پاکستانی یونیورسٹی میں پہلی بار پیش کیے جا رہے ہیں۔

فیکلٹی کا ادارہ برائے خواندگی اور تعلیم عامہ مڈل سطح کے بنیادی تعلیمی پروگرامز کھاریاں، منڈی بہاء الدین، لالہ موسیٰ اور تربت کے دیہی علاقوں کی خواتین کو فاصلاتی نظام کے ذریعہ فراہم کر رہا ہے۔ پائلٹ فیز میں خواتین طالبات کے لئے بنیادی تعلیمی مراکز کی تعداد 18 جبکہ مڈل لیول کورسز کی سطح پر 9 ہے۔ درسی مواد اور طریقہ کار میں بہتری لانے اور ان پر نظر ثانی کے بعد پائلٹ ٹیسٹنگ کے ذریعے دونوں پروگرامز کو ملک بھر میں بڑے پیمانے پر لاگو کیا جائے گا۔

## فیکلٹی آف سائنسز

ڈین: پروفیسر ڈاکٹر محمد کلیم طاہر

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملک بھر میں تعلیم عامہ کا واحد ادارہ ہے۔ ملک کے تعلیمی سیٹ اپ میں اپنی منفرد تعلیمی پوزیشن کی بدولت یونیورسٹی پر طلبہ کی ایک بڑی تعداد کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کی ایک بہت بڑی ذمے داری عائد ہوتی ہے۔ فیکلٹی آف سائنسز یونیورسٹی کی اہم فیکلٹی ہے۔ 1982 میں پانچ ڈیپارٹمنٹ پر مشتمل قائم کی جانے والی فیکلٹی نے سائنس کے مختلف ڈسپلنز میں کورسز پیش کیے۔ اب یہ فیکلٹی نو ٹیچنگ اور تحقیقی شعبوں پر مشتمل ایک یونٹ کی صورت میں ڈویلپمنٹ ہوگئی ہے۔ یہ فیکلٹی ملک کے ہزاروں طلبہ کے لیے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ سطح کے کورسز پیش کر رہی ہے۔ پوسٹ گریجویٹ پروگرام کے تحت فیکلٹی ایم ایس سی، ایم فل اور پی ایچ ڈی ڈگری کے کورسز پیش کر رہی ہے۔

یونیورسٹی ایکٹ کی روشنی میں جو ماس ایجوکیشن کے لیے گائیڈ لائن مہیا کرتی ہے کے مطابق فیکلٹی نے ملک کی معاشی ترقی سے متعلق کورسز تیار کیے ہیں۔ یہ کورسز طلبہ کی ایک بڑی تعداد کو ان کی عملی زندگی میں مفید ثابت ہوں گے۔ پوسٹ گریجویٹ ایجوکیشن سیکٹر کے انتظامی ڈھانچے کے غیر رسمی طریقوں میں کچھ تبدیلیاں کی گئی ہیں جن کے مطابق لیکچر، ٹوٹوریل اور لیب ورک کے لیے کچھ الاؤنس مقرر کیے ہیں۔ سکول کالج کے ٹیچرز اور لیکچرز، ریسرچ آرگنائزیشن کے ریسرچ اسسٹنٹ اور انڈسٹری میں کام کرنے والوں کے لیے سہولیات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ اپنی تعلیمی استعداد میں اضافہ کر سکیں۔ پوسٹ گریجویٹ لیول پر تعلیمی استعداد میں اضافہ کرنے سے ان اداروں کو بھی فائدہ حاصل ہوگا جن میں وہ کام کرتے ہیں۔ بہت سے ایسے طلبہ جنہیں کسی وجہ سے داخلہ نہیں مل سکتا یا روایتی اداروں میں داخلہ لینے کی استطاعت نہیں رکھتے فیکلٹی کے پیش کردہ پوسٹ گریجویٹ سٹڈی پروگرام ان کے لیے بھی بہت مفید ثابت ہو رہا ہے۔

حال ہی میں 300 ملین روپے کی لاگت سے یونیورسٹی کیمپس کے اندر ایک سائنس کمپلیکس کی عمارت تعمیر کی گئی ہے، جہاں فیکلٹی کے تمام سائنس ڈیپارٹمنٹ بنائے گئے ہیں نئے تعمیر شدہ سائنس کمپلیکس میں ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچرل سائنسز، بیالوجی، کیمسٹری، انوائرمنٹل سائنسز، ہوم اینڈ ہیلتھ سائنسز، میتھ میٹکس، سٹیٹسٹکس، اور فزکس کی جگہ موجود ہے۔ کمپلیکس میں تمام، امدادی سامان کی سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ مثال کے طور پر کمپیوٹر لیب انٹرنیٹ، آن لائن لائبریری، سیمینار روم، لیکچر ہال اور لائبریری وغیرہ۔ ہر کمپلیکس میں ہر ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کچھ جگہ ٹیچنگ اور ریسرچ لیب کے لیے بھی چھوڑ دی گئی ہے۔ اضافی آلات اور تجزیاتی لیب کی سہولت بھی مہیا کی گئی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمود الحسن بٹ نے نہایت فراخ دلی سے فنڈز مہیا کیے ہیں تاکہ فیکلٹی کا ہر ڈیپارٹمنٹ اپنے لیے ضروری سائنٹیفک سامان خرید سکے۔

سائنس ٹیچرز کی ٹریننگ کی ضروریات کے پیش نظر ہائر ایجوکیشن کمیشن کی مدد سے ریسرچ کمپلیکس میں دو ماڈل لیب بھی تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ نئی تعلیمی پالیسی کے تحت انڈر گریجویٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشن میں چار سالہ بی ایس پروگرام شروع ہو چکا ہے۔

فیکلٹی 50 سے زائد فل ٹائم کوالیفائیڈ فیکلٹی ممبرز کی خدمات سے استفادہ کر رہی ہے جو ڈیزائننگ، پلاننگ اور کورس ڈویلپمنٹ میں نہایت اہم کردار ادا کر رہے ہیں وہ تعلیمی معیار کو قائم کرنے کی غرض سے پوسٹ گریجویٹ طلبہ کو ان کے سٹڈی سینٹرز میں جا کر اپنی خاص فیلڈ کے بارے میں لیکچر دیتے ہیں۔ اپنے پوسٹ گریجویٹ سٹڈی پروگرامز کے لیے فیکلٹی کنٹریکٹ پر یا پارٹ ٹائم کوالیفائیڈ اور تجربہ کار پروفیسرز کی خدمات بھی حاصل کرتی ہے۔

ہائر ایجوکیشن کمیشن کے رولز اینڈ ریگولیشنز کے تحت پیش کردہ سلیبس کی گائیڈ لائن کے مطابق ایگریکلچرل سائنسز، کیمسٹری، کمپیوٹر سائنسز، ہوم اینڈ ہیلتھ سائنسز، میتھمیٹکس اینڈ سٹیٹسٹکس اور فزکس میں ریسرچ بیسڈ ایم ایس سی، ایم فل اور پی ایچ ڈی ڈگری پروگرام پیش کیے جا رہے ہیں۔ ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے کے لیے امیدواروں کو GAT نیشنل ٹیسٹ سروسز (NTS) سے اور ڈیپارٹمنٹل انٹرویو میں پاس ہونا لازمی ہے۔ ایم ایس اور ایم فل کے لیے 24 کریڈٹ کے کورسز اور کم از کم ایک سالہ ریسرچ ورک درکار ہوگا۔ پی ایچ ڈی کے امیدوار کے لیے GRE (انٹرنیشنل) کا امتحان (ڈگری حاصل کرنے تک) پاس کرنا لازمی ہے۔ اور یجنل ریسرچ کا حامل مقالہ تین فارن ریفریز سے چیک کرایا جاتا ہے جو اس فیلڈ میں ماہر ہوتے ہیں۔ ڈگری حاصل کرنے سے قبل کسی انٹرنیشنل جریدے میں ایک پبلیکیشن کا ہونا ضروری ہے۔

دو سالہ بیچلر ڈگری پروگرام بین الاقوامی سٹینڈرڈ کے مطابق نہیں ہے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پرانے سسٹم کی جگہ چار سالہ بی ایس ڈگری پروگرام پیش کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے نیا سسٹم طلبہ کی متوازن ٹریننگ اور ان کے تعلیمی معیار کو بڑھائے گا۔ فیکلٹی آف سائنسز نے کیمسٹری اور مائیکرو بیالوجی میں بی ایس ڈگری پروگرام شروع کرنے کے لیے اسے مکمل تیار کر لیا ہے۔ سائنسز میں بی ایس پروگرام 130 تا 140 کریڈٹ پر مشتمل ہوگا اور اس کا سٹرکچر ہائر ایجوکیشن کمیشن کی تجاویز کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔

بی ایس پروگرام کے لیے سائنس کمپلیکس میں اعلیٰ سامان سے آراستہ لیب، لیکچر ہال، سیمینار روم اور سٹور مہیا کیے گئے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ ٹیچرز، جدید آلات سے مزین لیب، لائبریری کی جدید کتب طلبہ کو اعلیٰ ترین معیار کی تعلیم مہیا کریں گے۔

## فیکلٹی آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز

ڈین: پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق جاوید



فیکلٹی آف سوشل سائنسز 1982ء میں قائم ہوئی۔ اس وقت یہ چند شعبوں پر مشتمل تھی لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ضروریات کے پیش نظر اس کے شعبوں میں اضافہ ہوتا گیا اور اب یہ یونیورسٹی کی سب سے بڑی فیکلٹی ہے جو درج ذیل 15 شعبوں پر مشتمل ہے۔

بزنس ایڈمنسٹریشن، کامرس، کامن ویلتھ ایم بی اے، اکنامکس، انگلش لینگویج اینڈ اپلائیڈ لینگوسٹکس، ہسٹری، پاکستان سٹڈیز، اردو، ماس کمیونیکیشن، پاکستانی زبانیں و ادب، اقبالیات، لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز، سوشیالوجی (سوشل ورک اینڈ پاپولیشن سٹڈیز) اور جینڈر اینڈ ویمن سٹڈیز۔ اس وقت یہ فیکلٹی سوشل سائنسز اور زبان و ادب کے جو مختلف پروگرام اور کورسز پیش کر رہی ہے ان میں اقبالیات، پاکستانی زبانیں و ادب، اردو اور اکنامکس میں پی ایچ ڈی، اور اقبالیات، اردو، پاکستانی زبانیں و ادب، اکنامکس اور ماس کمیونیکیشن میں ایم فل پروگرام شامل ہیں۔ ایم اے کی سطح پر فیکلٹی جو کورسز پیش کر رہی ہے ان میں بزنس ایڈمنسٹریشن ربزنس ایڈمنسٹریشن آئی ٹی / کول، پبلک ایڈمنسٹریشن، ٹیفل، پاکستان سٹڈیز، اکنامکس، جینڈر اینڈ ویمن سٹڈیز، سوشیالوجی، ماس کمیونیکیشن، ہسٹری، اردو، لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز شامل ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ کی سطح پر ٹیفل اور جینڈر اینڈ ویمن سٹڈیز کے پروگرام پیش کیے جا رہے ہیں۔ گریجویشن کی سطح پر فیکلٹی کی طرف سے بی بی اے، بی کام، بی اے (جنرل، ڈیزائن، فائن آرٹس) اور سرٹیفکیٹ کی سطح پر لائبریرین شپ میں سرٹیفکیٹ، HSSC (جنرل + آئی کام) اور فرنچ آن لائن پیش کیے جا رہے ہیں۔

فیکلٹی کے مختلف شعبوں نے جو نمایاں کام کیے ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں:

1- "ڈیپارٹمنٹ آف انگلش لینگویج اینڈ اپلائیڈ لینگوسٹکس" نے یونیورسٹی کے مین کیمپس میں سیلف اسسمنٹ سینٹر (SAC) قائم کرنے کے لیے ہائر ایجوکیشن کے ساتھ MOU سائن کیا ہے۔ اس سینٹر کی بدولت ماہرین اور محققین کو ایک دوسرے کی ماہرانہ صلاحیتوں سے استفادے کا موقع ملے گا۔

2- شعبہ پاکستانی زبانیں و ادب پاکستانی زبانوں کے فروغ کے لیے ایک " لینگویج لیبارٹری" قائم کرنے کا اہتمام کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ ڈیپارٹمنٹ تمام پاکستانی زبانوں کے کلاسیکل شعراء کی ایجوکیشنل ڈاکومینٹریز بھی تیار کر رہا ہے۔

3- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا ششماہی ریسرچ جرنل "جرنل آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز" ہائر ایجوکیشن کمیشن کے منظور شدہ سوشل سائنسز اسکالرز کے جرنلز کی فہرست میں شامل ہو چکا ہے اور اس میں اعلیٰ سطح کے تحقیقی مقالات شائع ہوتے ہیں۔

4- فیکلٹی کو یہ منفرد اعزاز بھی حاصل ہے کہ وہ کامن ویلتھ ایم بی اے اور ایم پی اے کو آن لائن پیش کر رہی ہے جو کہ پس ماندہ علاقوں کے طلبہ کے لیے بہت کارآمد ہے۔ یہ طریق کار پبلک پرائیویٹ سیکٹر کے ایگزیکٹوز کو بین الاقوامی سطح کے حامل اس پروگرام کے ذریعے تعلیمی قابلیت اور مہارت میں اضافہ کرنے کے قابل بنائے گا۔

5- شعبہ بزنس ایڈمنسٹریشن کی فارن کوالیفائیڈ ٹیچنگ فیکلٹی نہایت عمدہ ٹیچنگ میٹیریل کی فراہمی کے ساتھ ساتھ سیمینار منعقد کرتی ہے۔ "کوالٹی ایشورنس سیل" قابل طلبہ کو اس بات کی تشویق دلاتا ہے کہ وہ اپنی ذہنی استعداد میں اضافہ کریں تاکہ وہ اپنے آپ کو معاشرے کے فعال اور مؤثر رکن کی حیثیت سے پیش کرنے کے قابل ہو سکیں۔

6- "کوالٹی این ہانس سیل" کے حالیہ سروے کے مطابق "ایم بی اے کول" اور انگلش ڈیپارٹمنٹ کے پروگرام "ٹیفل" کو یونیورسٹی کے پیش کردہ پروگراموں میں سے بہترین پروگرام قرار دیا گیا ہے۔

## فیکلٹی برائے عربی و علوم اسلامیہ

ڈین: پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خان خاکوانی

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ 1974ء کے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ایکٹ میں تجویز کیا گیا۔ یونیورسٹی کے قیام کے ساتھ ہی ادارہ علوم اسلامیہ و عربی قائم کیا گیا۔ اس ادارہ کی ابتداء 1985ء سے علوم اسلامیہ اور عربی زبان و ادب پر مشتمل شعبوں سے کی گئی۔ کلیہ عربی و علوم اسلامیہ 1999ء میں باقاعدہ طور پر معرض وجود میں لایا گیا۔ نئے شعبوں کی تشکیل کے ساتھ ہی اس کلیہ میں اعلیٰ تعلیمی قابلیت کے حامل اساتذہ کا تقرر کیا گیا جن کی اکثریت اسلامک سٹڈیز کے مختلف شعبوں میں قومی اور بین الاقوامی سطح پر پی ایچ ڈی اور ایم فل کی ڈگریاں رکھتی ہے۔ فیکلٹی ملک بھر میں تحقیق اور تدریس سے متعلقہ سرگرمیوں کے حوالے سے تعلیمی میدان میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ یہ پاکستان کی تمام جامعات میں اسلامک سٹڈیز کی واحد فیکلٹی ہے جس میں پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر داخلہ حاصل کرنے والے طلبہ کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ ان پوسٹ گریجویٹ پروگرامز میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے پروگرام شامل ہیں۔ فیکلٹی نے حال ہی میں اسلامک سٹڈیز میں چار سالہ بی ایس ڈگری کے پروگرام کے نصاب کو اپ گریڈ کیا ہے بلکہ کورس آؤٹ لائنز کی نئی سکیم آف سٹڈی بھی تیار کی ہے۔ مزید برآں فیکلٹی اسلامک سٹڈیز میں ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے پروگرامز درج ذیل چار تخصصات میں پیش کرتی ہے:

1- قرآن و تفسیر 2- حدیث و سیرۃ
3- اسلامک لاء 4- فکر اسلامی، تاریخ و ثقافت

متذکرہ بالا علمی و تعلیمی سرگرمیوں کے علاوہ فیکلٹی نے مؤثر نوعیت کے حامل یونیورسٹی اور پوسٹ گریجویٹ کالجز کی سطح کے ٹیچرز ٹریننگ پروگرامز، کانفرنسز، سیمینارز اور قومی و بین الاقوامی سطح کے سمپوزیم کا بھی انعقاد کرایا ہے۔ کلیہ عربی و علوم اسلامیہ کا علمی و تحقیقی مجلہ "معارف اسلامی" HEC کے منظور شدہ مجلات کی فہرست میں شامل ہے جو مذکورہ مجلے کے اعلیٰ سطح پر علمی مقام کا اعتراف اور فیکلٹی کے اساتذہ کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

**فیکلٹی کے اغراض و مقاصد:**

1- اسلامک سٹڈیز، عربی زبان و ادب کی میٹرک تا پی ایچ ڈی سطح پر دور جدید کے تقاضوں کے مطابق تدریس
2- علوم اسلامیہ کے مختلف شعبوں میں اعلیٰ سطح کی علمی تحقیق، اسلامی ثقافت، عربی زبان و ادب اور اسلامی تہذیب کا فروغ۔
3- جدید ترین تکنیکس اور طریقوں سے اسلامی ورثہ کی حفاظت
4- اسلامک سٹڈیز کے ایسے سکالرز تیار کرنا جو اسلامک سٹڈیز کے شعبے میں عمومی مہارت رکھتے ہوں اور تخصصات کے مختلف میدان میں جنہیں عبور حاصل ہو جن میں قرآن و تفسیر، حدیث، فقہ، فکر اسلامی، تاریخ، ثقافت، تہذیب اور مسلم زبانیں خاص طور پر عربی زبان شامل ہے۔
5- فیکلٹی باقاعدہ سے اپنا بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ تحقیقی مجلہ "معارف اسلامی" کی اشاعت کا اہتمام کرتی ہے جو HEC کے منظور شدہ مجلات کی فہرست میں شامل ہے۔

**فیکلٹی کے شعبے:**

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ درج ذیل شعبوں پر مشتمل ہے۔

1- **شعبہ قرآن و تفسیر:** یہ شعبہ میٹرک تا پی ایچ ڈی کی سطح پر اور ایم اے علوم اسلامیہ میں قرآن و تفسیر پر مبنی تخصص کے کورسز پیش کرتا ہے۔

2- **شعبہ حدیث و سیرت:** مذکورہ شعبے کے زیر اہتمام اعلیٰ سطح کے تعلیمی و تحقیقی نوعیت کے حامل کورسز پیش کئے جاتے ہیں۔ ان میں پی ایچ ڈی اسلامک سٹڈیز پروگرام، درس نظامی پروگرام جو میٹرک سے لے کر بی اے سطح کا ہے نیز ایم اے کی سطح پر تخصص کا کورس بھی شامل ہے۔

3- **شعبہ فقہ (اسلامک لاء اور جیورس پروڈنس):** یہ شعبہ اسلامک لاء اور جیورس پروڈنس کے میدان میں اعلیٰ تحقیقی پروگرام پیش کرتا ہے۔ مقاصد کے حصول کی غرض سے شعبے نے گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر اور ایم اے اسلامک سٹڈیز میں اسلامک لاء کے تخصص کا پروگرام شامل کیا ہے۔

4- **شعبہ فکر اسلامی، تاریخ اور ثقافت:** یہ شعبہ اعلیٰ سطح پر علمی و تحقیقی نوعیت پر مبنی پروگرامز متعلقہ فیلڈ میں پیش کرتا ہے۔ حصول مقاصد کے لئے شعبے نے گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر اپنے پروگرامز کا اجراء کیا ہے۔ اس شعبے کے تحت ایم اے اور ایم فل کے پروگرامز بھی جاری ہیں۔ شعبہ ہذا ذخیرہ مواد کے ایک منصوبے پر بھی کام کر رہا ہے جو پاکستان کی دیگر جامعات میں خدمات انجام دینے والے اسلامک سٹڈیز کے سکالرز سے متعلق ہے۔

5- **شعبہ عربی زبان و ادب:** یہ شعبہ عربی زبان کے مختلف پروگرامز پیش کر رہا ہے جن میں عریبک ٹیچرز ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) اور بی ایڈ (عربی)، بیسک عریبک کورسز، انٹرمیڈیٹ اور بی اے عریبک، عربی بول چال اور اللسان العربی شامل ہیں۔ مزید برآں شعبہ ہذا عربی سیکھنے والے طلبہ کے لئے ڈائریکٹ میتھڈ اور جدید ترین تکنیکس کو بروئے کار لاتے ہوئے ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز بھی پیش کرتا ہے۔

# داخلہ برائے بہار 2009 سمسٹر

### 1 پی ایچ ڈی (ایم فل کی بنیاد پر)

1- ایجوکیشن (مندرجہ ذیل سپیشلائزیشن کے ساتھ) (الف) فاصلاتی، غیر رسمی اور جاریہ تعلیم (ب) ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ منیجمنٹ (ای پی ایم) (ج) تعلیم اساتذہ (د) سپیشل ایجوکیشن
2- شماریات

**اہلیت:** (2،1) ایم ایس/ایم فل یا متعلقہ شعبہ میں مساوی قابلیت کے حامل امیدوار 3.00 سی جی پی اے (فرسٹ ڈویژن یعنی 60% نمبر) مع کم از کم 30 کریڈٹ آورز کے ساتھ داخلہ کے اہل ہوں گے۔ (کورس ورک + ریسرچ)
• GRE/GAT مضمون کم از کم 50 فیصد نمبروں کے ساتھ۔

### 2 ایم ایس/ایم فل لیڈنگ ٹو پی ایچ ڈی

1- ایجوکیشن (مندرجہ ذیل سپیشلائزیشن کے ساتھ) (الف) فاصلاتی، غیر رسمی اور جاریہ تعلیم (ب) ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ منیجمنٹ (ای پی ایم) (ج) تعلیم اساتذہ (د) سپیشل ایجوکیشن
2- شماریات

**اہلیت:** 1- (الف، ج، د) ایم اے ایجوکیشن/ایم ایڈ یا ایم ایس سی ایجوکیشن سیکنڈ ڈویژن (ب) ایم اے (ای پی ایم) سیکنڈ ڈویژن 2) ایم ایس سی شماریات سیکنڈ ڈویژن
• کم از کم 50% نمبروں کے ساتھ این ٹی ایس کی جانب سے GRE/GAT جنرل ٹیسٹ۔

### 3 ایم ایس/ایم فل

1) اردو 2) معاشیات 3) پاکستانی زبانیں و ادب (درج ذیل سپیشلائزیشن کے ساتھ) پشتو/ بلوچی/ براہوی/ سندھی/ سرائیکی/ پنجابی 4) شماریات

**اہلیت:** (4،3،2،1) 16 سالہ تعلیمی دورانیہ یا ایف اے/ایف ایس سی کے بعد چار سالہ تعلیم (کم از کم 130 کریڈٹ آورز) مع متعلقہ شعبہ میں کم از کم سیکنڈ ڈویژن ایم اے/ایم ایس سی کے ساتھ۔
• کم از کم 50% نمبروں کے ساتھ این ٹی ایس کی جانب سے GRE/GAT جنرل ٹیسٹ۔

### 4 ایم ایس سی (آنرز)

1- لائیوسٹاک منیجمنٹ 2- ایگریکلچرل ایکسٹینشن 3- رورل ڈویلپمنٹ

**اہلیت:** 1- ڈی وی ایم یا بی ایس سی (آنرز) اینیمل ہسبنڈری سیکنڈ ڈویژن یا 2.50 سی جی پی اے
2- بی ایس سی (آنرز) ایگریکلچرل ایکسٹینشن ڈگری مع سیکنڈ ڈویژن یا 2.50 سی جی پی اے یا بی ایس سی (آنرز) ایگریکلچر، رورل سوشیالوجی، اینیمل ہسبنڈری، ڈی وی ایم، بی ایس سی ایگریکلچرل انجینئرنگ ڈگری سیکنڈ ڈویژن یا 2.50 سی جی پی اے۔
3- بی ایس سی (آنرز) ایگریکلچر/اینیمل ہسبنڈری/ایگریکلچرل انجینئرنگ یا ایم اے/ایم ایس سی سوشل ورک/سوشیالوجی/اینتھراپولوجی/فارسٹری یا ڈی وی ایم سیکنڈ ڈویژن یا ایم اے، ایم ایس سی کسی بھی مضمون میں سیکنڈ ڈویژن کے ساتھ مع کسی سرکاری، نیم سرکاری یا غیر سرکاری ادارے سے متعلقہ کام کا ایک سالہ تجربہ
• کم از کم 50% نمبروں کے ساتھ این ٹی ایس کی جانب سے GRE/GAT جنرل ٹیسٹ۔

### 5 ایم ایس کمپیوٹر سائنس

**اہلیت:** کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ کمپیوٹر سائنس/انفارمیشن ٹیکنالوجی/سافٹ ویئر انجینئرنگ (16 سالہ تعلیمی دورانیہ) میں ماسٹر ڈگری/چار سالہ بیچلر ڈگری
• کم از کم 50% نمبروں کے ساتھ این ٹی ایس کی جانب سے GRE/GAT جنرل ٹیسٹ۔

### 6 ایم ایس سی

1) ابلاغ عامہ 2) انوائرمنٹل ڈیزائن (ورکشاپس/ٹیوٹوریل صرف لاہور، کراچی، راولپنڈی اور اسلام آباد میں منعقد ہوں گی) 3) ریاضی 4) سوشیالوجی 5) فزکس 6) شماریات 7) کیمسٹری

**اہلیت:** (1) سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری مع جرنلزم/ماس کمیونیکیشن مضمون کے ساتھ
(2) سیکنڈ ڈویژن بی ای سول، الیکٹریکل، مکینیکل انجینئرنگ، بیچلر ان آرکیٹیکچر، ٹاؤن پلانرز/انٹیریئر ڈیزائنرز، ایم ایس سی ہوم اکنامکس (ہاؤسنگ، انٹیریئر ڈیزائن)، 3D ڈیزائن پروفیشنل (بلٹ انوائرمنٹ) مع کم از کم تین سالہ تجربہ
(3) ریاضی میں کم از کم 45 فیصد نمبروں کے ساتھ سیکنڈ ڈویژن بی اے/بی ایس سی ڈگری
(4) سوشیالوجی کے ساتھ سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری (داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہے۔ صرف منتخب شدہ امیدواروں کو داخلہ ٹیسٹ کے بعد فیس جمع کرانے کیلئے مطلع کیا جائے گا) (5) ریاضی اور طبیعات کے اشتراک سے بی ایس سی/بی ایس ایڈ ڈگری سیکنڈ ڈویژن (6) شماریات میں کم از کم 45 فیصد نمبروں کے ساتھ سیکنڈ ڈویژن بی اے/بی ایس سی (7) کیمسٹری کے ساتھ بی ایس سی یا بی ایس ایڈ سیکنڈ ڈویژن

### 7 بی ایس پروگرامز (چار سالہ)

1- مائیکروبیالوجی 2- کیمسٹری

**اہلیت:** 1- ایف ایس سی کم از کم سیکنڈ ڈویژن مع بیالوجی بطور لازمی مضمون
2- ایف ایس سی کم از کم سیکنڈ ڈویژن مع کیمسٹری (صرف اسلام آباد کیلئے)

### 8 ایم بی اے

1- ایم بی اے (بینکنگ اینڈ فنانس)، ایم بی اے (آئی ٹی) بذریعہ منظور شدہ اسٹڈی سینٹرز
2- ایم بی اے (مارکیٹنگ منیجمنٹ و ہیومن ریسورس، فنانس منیجمنٹ) بذریعہ فاصلاتی نظام تعلیم

**اہلیت:** (2،1) HEC کی منظور شدہ یونیورسٹی سے کم از کم سیکنڈ ڈویژن (45% نمبر) گریجویشن ڈگری۔ داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔ صرف وہ امیدوار فیس جمع کروانے کے مجاز ہوں گے جنہیں یونیورسٹی داخلے کے لیے منتخب کرنے کے بعد مطلع کرے گی۔

### 9 کامن ویلتھ آف لرننگ ایم بی اے/ایم پی اے

یہ 90 کریڈٹ کا پروگرام آن لائن اور ریگولر کلاسز کے ذریعے پیش کیا جاتا ہے۔

**اہلیت:** (الف) منظور شدہ یونیورسٹی سے کم از کم سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری (ب) کم از کم 2 سالہ تجربہ
(ج) کامن ویلتھ آف لرننگ ایم بی اے/ایم پی اے کا انٹری ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے۔

### 10 ایم اے

1- فاصلاتی، غیر رسمی اور جاریہ تعلیم 2- ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ منیجمنٹ (ای پی ایم)
3- تعلیم اساتذہ 4- سپیشل ایجوکیشن 5- تدریس انگریزی بطور غیر ملکی زبان (TEFL)
6- لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز (ٹیوٹوریل کلاس اور ورکشاپ صرف اسلام آباد میں ہوں گی)

**اہلیت:** (1,2,3) سیکنڈ ڈویژن بی اے/بی ایس سی ڈگری
(4) بی اے/بی ایس سی مع سیکنڈ ڈویژن تاہم منتخب امیدواروں کو داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔
(5) اوپن یونیورسٹی سے پانچ کریڈٹ کا ڈپلومہ TEFL/4 کریڈٹ کا ڈپلومہ TEFL یا مساوی ڈگری اور 550 کورس ورکشاپ (6) کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے گریجویشن سیکنڈ ڈویژن کے ساتھ۔
(6,5,4,2) تاہم محدود نشستوں پر داخلہ میرٹ کے مطابق ہوگا۔

### 11 ایم ایڈ

ماسٹر ان ایجوکیشن (درج ذیل سپیشلائزیشن کے ساتھ) (الف) فاصلاتی و غیر رسمی جاریہ تعلیم (ڈی این ایف سی ای)
(ب) سائنس ایجوکیشن (ج) تعلیم اساتذہ (د) سپیشل ایجوکیشن

**اہلیت:**
(الف اور ج) بی اے/بی ایس سی سیکنڈ ڈویژن مع بی ایڈ/بی ایس ایڈ سیکنڈ ڈویژن
(ب) بی ایس سی مع بی ایڈ سیکنڈ ڈویژن یا بی ایس ایڈ سیکنڈ ڈویژن
(د) بی اے/بی ایس سی مع سیکنڈ ڈویژن تاہم منتخب امیدواروں کو داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔

### 12 پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ

1- انوائرمنٹل ڈیزائن (ورکشاپ/ٹیوٹوریلز کا انعقاد صرف لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد میں کیا جائے گا) 2- ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ منیجمنٹ (ای پی ایم) 3- ابلاغ عامہ
4- تدریس انگریزی بطور غیر ملکی زبان (TEFL) 5- کمپیوٹر سائنس (آن لائن) 6- یوتھ ان ڈویلپمنٹ ورک

**اہلیت:**
1- سیکنڈ ڈویژن بی ای سول، الیکٹریکل، مکینیکل انجینئرنگ، بیچلر آرکیٹیکچر، ٹاؤن پلانرز/انٹیریئر ڈیزائنرز، ایم ایس سی ہوم اکنامکس (ہاؤسنگ، انٹیریئر ڈیزائن)، 3D ڈیزائن پروفیشنل (بلٹ انوائرمنٹ) مع تین سالہ تجربہ۔ بی ٹیک سول اور آرکیٹیکچر (آنرز) کے حامل امیدوار صرف پی جی ڈی انوائرمنٹل ڈیزائن میں داخلہ کے اہل ہیں 2- سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری (2،1) (محدود نشستوں کیلئے داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا)
3- سیکنڈ ڈویژن بیچلر ڈگری مع جرنلزم/ماس کمیونیکیشن
4- بی اے/بی ایس سی/بی ای/بی کام وغیرہ (سیکنڈ ڈویژن) مع کم از کم 150/200 نمبروں کے ساتھ انگلش۔ امیدواروں کے لئے NTS کے زیر انتظام منعقد ہونے والے انٹری ٹیسٹ کو پاس کرنا لازمی ہے۔
5- کم از کم سیکنڈ ڈویژن کے ساتھ بیچلر ڈگری (نمبر 6 صرف اسلام آباد میں) داخلہ فارم اور تفصیلات علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ یا فون نمبر 051-9250174 پر دستیاب ہیں۔

### 13 بیچلر پروگرامز (آرٹس/سائنس)

1- بی ایس (سی ایس) فاؤنڈیشن پروگرام
(• صرف اسلام آباد/راولپنڈی کیلئے • یہ پروگرام آخری دفعہ پیش کیا جا رہا ہے)
2- بیچلر آف کامرس (بی کام) 3- بیچلر آف ماس کمیونیکیشن
4- بی اے لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز 5- بیچلر آف آرٹس (بی اے) 6- بی بی اے

**اہلیت:** (1) انٹرمیڈیٹ یا مساوی میں حاصل کردہ نمبر جو کہ 45% سے زائد ہو
(5،4،3،2) ایف اے/ایف ایس سی بشمول تمام لازمی کورسز
(6) انٹرمیڈیٹ مع انگلش سیکنڈ ڈویژن (45% نمبر)

### 14 ٹیچر ٹریننگ پروگرام

1- عریبک ٹیچر ٹریننگ کورس (اے ٹی ٹی سی) 2- پی ٹی سی

**اہلیت:** 1-(الف) فاضل عربی (ب) انٹرمیڈیٹ (عربی بطور اختیاری مضمون) (ج) میٹرک + فاضل درس نظامی + AIOU کورس کوڈ 309 (انٹر عربی) (د) الشہادۃ الثانویۃ الخاصہ یا الشہادۃ العالیہ
2- (الف) ایف اے/ایف ایس سی یا اس سے زیادہ تعلیمی قابلیت کے حامل تمام امیدوار داخلے کے اہل ہیں۔ (ب) میٹرک میں 60% نمبر حاصل کرنے والے طلباء اور 50% نمبر حاصل کرنے والی طالبات داخلے کی اہل ہیں۔ (ج) صوبہ بلوچستان، فاٹا، اور آزاد کشمیر کے سکونتی طلباء و طالبات جنہوں نے میٹرک میں 45% نمبر حاصل کئے ہیں بشرطیکہ وہ ان علاقوں کا سکونتی ڈومیسائل سرٹیفکیٹ لگائیں داخلے کے اہل ہیں۔

### 15 اعلیٰ ثانوی سکول سرٹیفکیٹ (انٹرمیڈیٹ)

1- ایف اے 2- آئی کام 3- ایف ایس سی (پری انجینئرنگ)
4- ایف ایس سی (پری میڈیکل) 5- ایف ایس سی (فیملی اینڈ کمیونٹی ہیلتھ)

**اہلیت:**
(2،1) میٹرک کے ساتھ لازمی مضمون (انگلش، اردو، مطالعہ پاکستان اور اسلامک سٹڈیز)
(4،3) سائنس مضامین کے ساتھ میٹرک سیکنڈ ڈویژن (5) میٹرک سیکنڈ ڈویژن کے ساتھ

### 16 سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک)

**اہلیت:**
سرکاری/منظور شدہ سکول سے مڈل پاس/نہم کلاس میں پڑھنے/میٹرک میں فیل ہونے کا سرٹیفکیٹ منسلک کریں۔

### 17 درس نظامی

1- بی اے (شہادۃ العالیۃ) 2- اعلیٰ ثانوی سکول سرٹیفکیٹ انٹرمیڈیٹ (ثانویہ خاصہ)
3- سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) (ثانویہ عامہ)

دینی مدارس میں زیر تعلیم طلباء و طالبات اپنے مدرسے میں تعلیم جاری رکھتے ہوئے اوپن یونیورسٹی کے درس نظامی پروگرام میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

**اہلیت:** 1- ثانویہ خاصہ کے ساتھ ایف اے مع انگریزی مضمون یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ایف اے درس نظامی 2- ثانویہ عامہ اور میٹرک (انگلش، اردو، مطالعہ پاکستان لازمی کے ساتھ یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے میٹرک درس نظامی) 3- دینی مدرسہ کے طلباء و طالبات میٹرک میں داخلہ کیلئے اپنے مدرسہ کے توسط سے درخواست دے سکتے ہیں۔ مدرسہ کی طرف سے نامزد نہ کیے جانے کی صورت میں وہ براہ راست داخلہ لے سکتے ہیں۔

### 18 سرٹیفکیٹ کورسز (دورانیہ 06ماہ)

1- اللسان العربی (ابتدائی عربی کورس) 2- عربی بول چال 3- سرٹیفکیٹ اِن لائبریرین شپ
4- گھر میں تیار شدہ مصنوعات کی فروخت 5- فرنچ آن لائن (صرف مخصوص شہروں میں)

**اہلیت:** سیریل نمبر 3 کیلئے انٹرمیڈیٹ پاس ہو
صرف سیریل نمبر 5 کیلئے: ایف اے/ایف ایس سی، بی اے/بی ایس سی/ماسٹر میں سیکنڈ ڈویژن۔

### 19 ٹیکنیکل اور زرعی کورسز (دورانیہ 06ماہ)

1- آٹو سروسنگ 2- بنیادی الیکٹرانکس 3- گھریلو برقی آلات کی مرمت اور دیکھ بھال
4- الیکٹریکل وائرنگ (اس کورس میں داخلہ کیلئے امیدوار کا بنیادی الیکٹرک کورس کا پاس کرنا لازمی ہے)
5- پودوں کی دیکھ بھال 6- تیل دار فصلوں کی پیداوار 7- فارم مشینری 8- پھلوں کی پیداوار کے بہتر طریقے
9- نفع بخش زرعی مہارتیں 10- مرغبانی 11- ڈیری فارمنگ 12- جدید زراعت 13- گھریلو اور زرعی امور کا انتظام

### 20 اوپن ٹیک کورسز

1- الیکٹریشن 2- ریفریجریشن اینڈ ائیر کنڈیشننگ 3- پلمبنگ 4- سٹیل فکسر
5- سول سرویئر 6- کوانٹٹی سرویئر/سول ڈرافٹسمین 7- ویلڈنگ (الیکٹرک ویلڈنگ)

درج بالا پروگرامز ان ہنرمند افراد کیلئے ہیں جو اپنے شعبہ جات میں مہارت رکھتے ہیں تاہم ان کے پاس اس کا کوئی سرٹیفکیٹ نہیں۔

یہ پروگرام درج ذیل شہروں میں پیش کیے جائیں گے۔
بورے والا، کوٹ ادو، راولپنڈی، اسلام آباد اور ہری پور

### 21 شارٹ ٹرم تعلیمی پروگرام

درج ذیل کورسز میں داخلے سارا سال کھلے رہتے ہیں۔ ہر کورس کا دورانیہ 03 ماہ ہے۔
1- ہوٹل سروسز (5 کورسز) 2- منیجمنٹ سائنسز (22 کورسز)
3- کیمونٹی ایجوکیشن (17 کورسز) 4- سوشل سائنسز (15 کورسز)
5- زرعی کورسز (6 کورسز)

### 22 ہدایات برائے جاری طلباء

جاری طلباء و طالبات کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم بھجوا دیئے گئے ہیں۔ اگر کسی کو 20 فروری 2009 تک داخلہ فارم موصول نہ ہو تو وہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتا ہے یا نزدیکی علاقائی/رابطہ کار دفتر سے نیا فارم لیکر پرانے رول نمبر اور رجسٹریشن کے تحت پُر کر کے نامزد کردہ بنک کی شاخوں میں داخلہ فیس کے ہمراہ 10 مارچ 2009 تک جمع کروا سکتا ہے۔

### 23 پراسپیکٹس بذریعہ ڈاک حاصل کرنے کا طریقہ

پراسپیکٹس مع داخلہ فارم ڈاک کے ذریعے منگوانے کیلئے مطلوبہ پراسپیکٹس کی قیمت میں مزید -/40 روپے (ڈاک خرچ) شامل کر کے بینک ڈرافٹ بنام Treasurer علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کو 28 فروری 2009ء تک درج ذیل پتہ پر روانہ کریں۔

آفس اسسٹنٹ سٹوڈنٹس ایڈوائزری اینڈ کونسلنگ سروسز، گیٹ وے بلاک،
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی H-8، اسلام آباد

### 24 مشرقِ وسطیٰ میں مقیم پاکستانیوں کے لئے پروگرام

مشرق وسطیٰ کے ممالک میں رہنے والے پاکستانیوں کیلئے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک)، ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (انٹرمیڈیٹ) اور بیچلر (بی اے) سطح کے پروگراموں کے داخلہ فارم اور پراسپیکٹس یونیورسٹی کی ویب سائٹ: www.aiou.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کیلئے درخواست گزار درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں:

Director Student Affairs / Overseas
ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY
Gateway Block, Sector H-8, Islamabad, Pakistan ,
Ph. (051) 9250175, 9057816 & Fax. 051-9250174
E-mail: overseas@aiou.edu.pk

### 25 خصوصی ہدایات برائے داخلہ

ہر پروگرام کا پراسپیکٹس مختلف ہے اور ہر پروگرام کے پراسپیکٹس میں داخلہ فارم، خصوصی معلومات اور فیس کی تفصیلات شامل ہیں۔ داخلہ فارم کو پُر کرنے سے قبل پراسپیکٹس بغور پڑھنا ضروری ہے۔ اپنی داخلہ فیس اور دیگر واجبات مروجہ طریقہ کار کے مطابق جمع کرائیں۔ پراسپیکٹس درج ذیل رقم کی ادائیگی پر یونیورسٹی کے شعبہ داخلہ یا علاقائی/رابطہ دفاتر سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

داخلہ فارم اور مجوزہ فیس نیشنل بینک آف پاکستان کی صرف نامزد شاخوں جبکہ حبیب بینک لمیٹڈ، فرسٹ ویمن بینک، بینک الفلاح اور الائیڈ بینک کی ملک بھر میں تمام شاخوں میں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔

### 26 بی ای (ٹیلی کام)

بی ای ٹیلی کام پروگرام کے تمام طلباء طالبات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پہلے سمسٹر سے لیکر آٹھویں سمسٹر تک جن مضامین میں وہ فیل ہیں اُن میں داخلہ حاصل کرنے کیلئے داخلہ فارم یونیورسٹی قوانین کے مطابق یعنی تین کریڈٹ آورز (چھ کورسز) کے ساتھ مقررہ تاریخ تک مقررہ فیس کے ساتھ جمع کروا دیں۔

یاد رہے کہ یہ سمسٹر خزاں 2009 میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**پراسپیکٹس کی قیمت درج ذیل ہے۔**

| قیمت | پروگرام |
| --- | --- |
| Rs: 250/- | تمام پوسٹ گریجویٹ پروگرامز، فرنچ آن لائن، ایف ایس سی، بی ایس پروگرام، بی بی اے |
| Rs: 50/- | شارٹ ٹرم ایجوکیشنل پروگرام / پی ٹی سی |
| Rs: 30/- | بی اے، بی کام، انٹرمیڈیٹ، میٹرک، درس نظامی، سرٹیفکیٹ کورسز، اوپن ٹیک |
| Rs: 100/- | اے ٹی ٹی سی |

تمام پروگرامز کے متعلق مزید معلومات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ
**www.aiou.edu.pk** ملاحظہ کریں۔

داخلہ فارم کے ساتھ پراسپیکٹس اور دیگر معلومات کیلئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے متعلقہ علاقائی/رابطہ دفاتر اور شعبہ داخلہ سے رابطہ کریں۔

شعبہ داخلہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی H-8، اسلام آباد۔
پوسٹ گریجویٹ پروگرامز: (051) 9057434, 9057422, 9057425
ٹیچر ٹریننگ پروگرام: (051) 9057426, 9057428
سیکنڈری: (051) 9057433, 9057401
ہائر سیکنڈری و دیگر پروگرامز: (051) 9057432, 9057438
بیچلر پروگرامز: (051) 9057436, 9057437, 9250044
مزید معلومات: (051) 9057151-2,9057405

**سہیل نذیر رانا** ڈائریکٹر شعبہ داخلہ

بینک ڈرافٹ کی صورت میں ادا کی گئی داخلہ فیس قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

**فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 مارچ 2009**

## علاقائی دفاتر کے پتے اور ٹیلیفون نمبر

**اسلام آباد**

| شہر | پتہ | فون |
| --- | --- | --- |
| اسلام آباد | گیٹ وے بلاک، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سیکٹر H-8، اسلام آباد E-mail: regisb@aiou.edu.pk | (051) 9250172 9057606-8 |

**سرحد**

| شہر | پتہ | فون |
| --- | --- | --- |
| پشاور | پلاٹ نمبر 14، سیکٹر A-3 "فیز 5" حیات آباد E-mail: rd_peshawar@aiou.edu.pk | (091) 9217605 9217606 |
| چترال | بالمقابل پولو گراؤنڈ E-mail: rd_chitral@aiou.edu.pk | (0943) 413419 |
| ایبٹ آباد | مکان نمبر CB-301، ملحقہ یونائیٹڈ بینک مین بلڈنگ برانچ، مانسہرہ روڈ E-mail: rd_abbottabad@aiou.edu.pk | (0992) 9310379 |
| مینگورہ | نزد گرلز کالج۔ سیدو شریف، سوات۔ E-mail: rd_swat@aiou.edu.pk | (0946) 9240206 |
| ڈیرہ اسماعیل خان | نیلی کوٹھی، عقب ڈسٹرکٹ آڈیٹوریم، ضلع کچہری E-mail: rd_dikhan@aiou.edu.pk | (0966) 9280168 |

رابطہ دفاتر: صوابی، مردان، تخت بائی، نوشہرہ، چارسدہ، جمرود، کوہاٹ، ہنگو، ایف آر کوہاٹ، کرک، تخت نصرتی، پاراچنار، درہ آدم خیل، لور کرم ایجنسی (سادہ)، بونی، غازی، ہری پور، بالاکوٹ، بٹگرام، دیر لوئر، دیر اپر، مالاکنڈ ایجنسی، باجوڑ ایجنسی، بونیر (داگر)، بنوں سٹی، لکی مروت۔

**بلوچستان**

| شہر | پتہ | فون |
| --- | --- | --- |
| کوئٹہ | ایسٹرن بائی پاس تختانی روڈ کوئٹہ E-mail: rd_quetta@aiou.edu.pk | (081) 2674398 |
| قلات | نزد B&R، ریسٹ ہاؤس۔ E-mail: rd_kalat@aiou.edu.pk | (0844) 210569 |
| ژوب | مکان نمبر G/176، خواجہ خیل ہاؤس، خواجہ خیل محلہ۔ E-mail: rd_zhob@aiou.edu.pk | (0822) 413018 |
| تربت | پسنی روڈ E-mail: rd_turbat@aiou.edu.pk | (0852) 412511 (0852) 202805 |
| ڈیرہ مراد جمالی | نزد غزالی پبلک سکول، وارڈ نمبر 3، جاتک روڈ۔ E-mail: rd_dmjamali@aiou.edu.pk | (083) 8710375 |

رابطہ دفاتر: جعفر آباد، سبی، بولان، بلسبیلا، کھرن، گوادر، موسیٰ خیل لورالائی۔

**سندھ**

| شہر | پتہ | فون |
| --- | --- | --- |
| کراچی | پلاٹ نمبر ST-6/D-1، بلاک نمبر 14، فیڈرل بی ایریا E-mail: rd_karachi@aiou.edu.pk | (021) 9246099-101 |
| حیدر آباد | مکان نمبر 26/2، سروے نمبر 142/41، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی E-mail: rd_hyderabad@aiou.edu.pk | (022) 9200155 |
| مٹھی | مسلم کالونی E-mail: rd_mithi@aiou.edu.pk | (0232) 261289 |
| سکھر | بنگلہ نمبر 12، مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ملٹری روڈ E-mail: rd_sukkur@aiou.edu.pk | (071) 5631542 |
| لاڑکانہ | مکان نمبر II-B وکیل کالونی، چاند کائیل E-mail: rd_larkana@aiou.edu.pk | (074) 9410528 |
| ٹھٹھہ | سروے نمبر 2، امیر خانی، محلہ نزد شاہ جہانی مسجد E-mail: rd_thatta@aiou.edu.pk | (0298) 771016 |
| دادو | مکان نمبر B-656، کریم سینٹر، شاہانی پارہ، مارکیٹ روڈ E-mail: rd_dadu@aiou.edu.pk | (025) 9200239 |

رابطہ دفاتر: ملیر، لانڈی، کورنگی، نیو کراچی، گداب ٹاؤن، اورنگی، عمرکوٹ، سانگھڑ، مٹھلی (بدین) گھوٹکی

**پنجاب**

| شہر | پتہ | فون |
| --- | --- | --- |
| بہاولپور | 17-D/1 گزیٹڈ آفیسرز کالونی، عزیز بھٹی روڈ ماڈل ٹاؤن A۔ E-mail: rd_bahawalpur@aiou.edu.pk | (062) 9255251-2 |
| ملتان | CF-7 شاہ رکن عالم کالونی E-mail: rd_multan@aiou.edu.pk | (061) 9220201 |
| ڈیرہ غازی خان | A-4 خیابان سرور، مسلم روڈ E-mail: rd_dgkhan@aiou.edu.pk | (064) 9260387 |
| ساہیوال | مکان نمبر 88، مین روڈ بلال کالونی E-mail: rd_sahiwal@aiou.edu.pk | (040) 9200456 |
| فیصل آباد | F۔ بلاک، ملت ٹاؤن E-mail: rd_faisalabad@aiou.edu.pk | (041) 8814981-2 |
| سرگودھا | مکان نمبر 66، بنگلہ نمبر 9 سول لائنز، کچہری روڈ، سرگودھا کینٹ E-mail: rd_sargodha@aiou.edu.pk | (048) 9230017 |
| میانوالی | احمد نواز ہاؤس، پی اے ایف روڈ۔ E-mail: rd_mianwali@aiou.edu.pk | (0459) 920024-25 |
| لاہور | 346 رضا بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن E-mail: rd_lahore@aiou.edu.pk | (042) 9260023-26 |
| گوجرانوالہ | نزد ڈاکٹر فرخ بشیر نا گی ہسپتال، کمشنر روڈ E-mail: rd_gujranwala@aiou.edu.pk | (055) 9200261 |
| سیالکوٹ | مراد یہ روڈ، ماڈل ٹاؤن E-mail: rd_siaklot@aiou.edu.pk | (052) 3241300 |
| راولپنڈی | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سروسز بلاک سیکٹر H-8 E-mail: aiourwp@aiou.edu.pk | (051) 9250181 (051) 9057841 |
| رحیم یار خان | 31 بزنس مین کالونی E-mail: rd_rykhan@aiou.edu.pk | (086) 5042211 |
| جھنگ | گلی نمبر 1، (گلشن سٹریٹ) نزد ریلوے کراسنگ، سول لائنز، گوجرہ روڈ E-mail: rd_jhang@aiou.edu.pk | (047)7651313 |
| چکوال | محلہ بستی اللہ والی، نزد گورنمنٹ گرلز کالج E-mail: rd_chakwal@aiou.edu.pk | (054) 3553566 |
| کھاریاں | چراغوالہ شاپ پنڈی حقیقہ، ڈنگہ روڈ کھاریاں، ضلع گجرات | (0304) 4455669 |

رابطہ دفاتر: بورے والا، وہاڑی، خانیوال، لیہ، مظفر گڑھ، راجن پور، عارف والا، پاکپتن، اوکاڑہ، دیپال پور، لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، گجرات، منڈی بہاؤالدین، بھلوال، حافظ آباد، شکر گڑھ، نارووال، ٹی ٹی سنگھ، سمندری، گوجرہ، گڑھ مہاراجہ، شور کوٹ، چنیوٹ، بھکر، راولپنڈی کینٹ، راولپنڈی سٹی، کہوٹہ، گوجر خان، جنڈ، اٹک، پنڈی گھیب، جھنڈ، کلر سیداں، فتح جنگ، مری، واہ کینٹ، تلہ گنگ۔

**شمالی علاقہ جات**

| شہر | پتہ | فون |
| --- | --- | --- |
| گلگت | شاہراہ قائد اعظم نزد آرمی پبلک سکول اینڈ کالج، جٹیال کینٹ E-mail: rd_gilgit@aiou.edu.pk | (05811) 50378 |
| سکردو | محب روڈ E-mail: rd_skardu@aiou.edu.pk | (05831) 50258 |

**آزاد کشمیر**

| شہر | پتہ | فون |
| --- | --- | --- |
| میرپور | مکان نمبر A-1، سیکٹر F-1 کوٹلی روڈ E-mail: rd_mirpur@aiou.edu.pk | (058610) 34751 34749 |
| مظفر آباد | گوجرہ E-mail: rd_muzaffarabad@aiou.edu.pk | (058810) 42956 |

رابطہ دفاتر: راولاکوٹ، باغ، نیلم، داریل، ہنزہ، نگر۔ I، نگر II، پنویل، استور، خضر، چیلاس، خپلو، ڈغونی، تغس، رندو، خارمنگ

PID(i) 3618/08